21

# اُردو سَلِیس ایچ ایس سی-I

| Version No. | 3 | 0 | 4 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کرکے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) پاکستان کا قومی ترانہ کس نے لکھا ہے؟
A علامہ اقبال B الطاف حسین حالی C حفیظ جالندھری D نظیر اکبر آبادی

2) حضرت محمد ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کتنے دن غارِ ثور میں رہے؟
A 3دن B 4دن C 10دن D 15دن

3) مندرجہ ذیل میں سے کون سا لفظ شرط والے جملے میں استعمال ہوتا ہے؟
A نے B کون C کیوں کہ D اگر

4) مرزا غالب کے مطابق انھیں میر مہدی کو خط لکھنے سے کون منع کرتا ہے؟
A میرن صاحب B میر سرفراز حسین خان C میر مہدی مجروح D میر نصیر الدین

5) الطاف حسین حالی کے مطابق قوم کی عزت اب کس سے ہے؟
A ہنر سے B دولت سے C تعلیم سے D تجارت سے

6) سبق ''جیسی کرنی ویسی بھرنی'' میں بڑے شہزادے کی عمر کتنی تھی؟
A 17برس B 18برس C 19برس D 20برس

7) ''گرگِ آشتی'' کی ترکیب میں محمد حسین آزاد نے کس جانور کی بات کی ہے؟
A شیر B بھیڑیا C گیدڑ D بندر

8) نظم 'آدمی نامہ' ہیت کے لحاظ سے کیا ہے؟
A مسدس B مخمس C قطع D رباعی

9) نصوح کس بیماری کا شکار ہوا تھا؟
A ملیریا B کھانسی C تپِ دق D ہیضہ

10) مندرجہ ذیل میں سے حرفِ اضافت کون سا ہے؟
A نے B جو C کا D اور

11) علامہ اقبال کے بزرگ نسلاً کیا تھے؟
A افغانی B کشمیری C یونانی D ایرانی

12) سبق 'حجِ اکبر' میں دایہ کا نام کیا تھا؟
A عباسی B فہمیدہ C شاکرہ D اکبری

13) سبق 'ایک وصیت کی تعمیل' اردو زبان وادب کی کس شخصیت کا شخصی خاکہ ہے؟
A مولوی عبدالحق B مولانا ظفر علی خان C مولانا محمد علی جوہر D مولوی وحیدالدین سلیم

14) جنوبی ایشیا پر مغل بادشاہوں نے کتنے سال تک حکومت کی؟
A 300سال B 400سال C 500سال D 600سال

15) علی گڑھ کالج کس نے قائم کیا تھا؟
A شبلی نعمانی B سرسید احمد خان C محمد حسین آزاد D ڈپٹی نذیر احمد

16) سبق 'مولانا محمد علی جوہر' کس نے لکھا ہے؟
A خواجہ حسن نظامی B مرزا فرحت اللہ بیگ C عبدالماجد دریا آبادی D عبدالواحد سندھی

17) تعجب، تعریف، اظہارِ مسرت کے موقع پر بولے جانے والے الفاظ کے بعد کون سا نشان (علامت) استعمال کیا جاتا ہے؟
A ! B ، C ؟ D :

18) مندرجہ ذیل میں سے طنز و مزاح کس کی شاعری کا اہم حصہ ہے؟
A مرزا غالب B حفیظ جالندھری C مولانا حالی D اکبر الٰہ آبادی

19) لڑکا جا گتا ہے۔ یہ جملہ کس فعل کا ہے؟
A فعل متعدی B فعل لازم C فعل مجہول D فعل معروف

20) کلام میں کسی ایسی بات کا سبب اس طرح بیان کرنا کہ حقیقت میں سبب نہ ہو، خوبی سمجھی جاتی ہے، قواعد میں اسے کیا کہتے ہیں؟
A صنعتِ تلمیح B صنعتِ تضاد C صنعتِ حسنِ تعلیل D صنعتِ تکرار

---

22

# اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) شہزادہ مرز انصیر نے فقیر کے ساتھ کیا برتاؤ کیا اور کیوں؟

(ii) قرآن پاک کے بارے میں علامہ اقبال کیا ایمان رکھتے تھے؟

(iii) نظم 'آمد بہار' میں شاعر نے بہار آنے کی منظر کشی کن الفاظ میں کی ہے؟

(یا)

شہد کی مکھیوں کو ایک قوم کیوں کہا گیا ہے؟

(iv) مندرجہ ذیل اسموں کے جمع لکھیں:

قدم ، عالم ، حکیم ، قوم

(v) مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کریں:

سبز باغ دکھانا ، انتظار کا عالم ، تالیف ، کہرام ، دلاسہ دینا

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ مدینے کے لوگوں کو آنحضرتؐ کی آمد کی خبر ہو چکی تھی اور سب پر انتظار کا عالم تھا۔ بچے تک خوشی اور جوش میں گلی کوچوں میں کہتے پھرتے تھے کہ "ہمارے پیغمبر آرہے ہیں" چھوٹی چھوٹی لڑکیاں چھتوں پر چڑھ کر آپؐ کے آنے کی خوشی میں گیت گاتی تھیں۔ نوجوان ہتھیار سجا سجا کر شہر سے باہر نکل جاتے تھے اور پہروں آپ کی آمد کا انتظار کرتے تھے۔

ب۔ بعض حیوانات اپنی نوع کے خیر خواہ ہوتے ہیں۔ چیونٹا جب کہیں خوراک کا ذخیرہ پاتا ہے تو دوڑتا ہوا اپنی جماعت میں جاتا ہے اور سب کو خبر کر دیتا ہے۔ تنہا نہیں کھاتا۔ شہد کی مکھیوں کا مطالعہ کرو۔ شہد کا چھتا ان کا وطن ہے۔ اس میں وہ ایک قوم بن کر رہتی ہیں۔ اپنے وطن کو محبت سے بناتی اور سنوارتی ہیں۔ بڑی تندہی سے بچوں کی پرورش کرتی ہیں۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔

ایک ڈالی کے سب ہیں برگ و ثمر
ہے کوئی ان میں خشک اور کوئی تر
جاگنے والو! غافلوں کو جگاؤ
تیرنے والو! ڈوبتوں کو تراؤ

ب۔

عورت پہ اس نے ہاتھ اُٹھایا نہیں کبھی
بچوں کو بھول کر بھی ڈرایا نہیں کبھی
آبادیوں کو اس نے مٹایا نہیں ذرا
بامن شہریوں کو ستایا نہیں ذرا

سوال نمبر۵: والد صاحب کے نام خط لکھ کر انہیں اپنی تعلیمی کارکردگی سے آگاہ کریں۔ (9)

(یا)

دوست کو خط لکھ کر اسے اپنی سالگرہ کی تقریب میں شرکت کی دعوت دیں۔

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے 'زبانی یاد' پانچ اشعار لکھیے۔ اس پرچے میں درج شدہ اشعار نہ ہوں۔ (5)

سوال نمبر۷: مریض اور ڈاکٹر کے درمیان جعلی دواؤں کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (5)

سوال نمبر۸: درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) نبی کریم ﷺ کی ہجرت (ii) مولانا محمد علی جوہر

سوال نمبر۹: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) اُستاد کا احترام (ii) پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ کرپشن

(iii) کمپیوٹر کے استعمال کے فوائد اور نقصانات (iv) میری پسندیدہ شخصیت